سوال

(140) حدیث میں دنیا کو ملعون کہنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاته

حدیث شریف میں دنیا کو ملعون کہا گیا (1) بلکہ مردار اور اس کو چاہنے والے کتے (2) مگر اس عالم اسباب میں اس کے بغیر گزارہ بھی نہیں دور رسالت صلی اللہ علیہ وسلم سے لے کر آج تک مسلمانوں سے چندہ صدقات وخیرات کی اپیل کی جاتی رہی ہے۔ بلکہ آج کل تو مذہب کے نام پر مانگنے کی خوب دوڑ لگی ہوئی ہے۔ اس تضاد کی تشریح یا تاویل کیسے ممکن ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دنیا قابل مذمت اس وقت بنتی ہے۔ جب اللہ سے دوری کا سبب بنے اور جب اس کو راہ للہ صرف کرکے قرب الٰہی کی سعی کی جائے تو یہ باعث افتخار ہے۔ جس طرح کے صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین کے متعدد واقعات ہمارے سامنے ہیں۔ مثلاً ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے انفاق میں سبقت لے گئے۔ (3) اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ غزوہ تبوک کے موقع پر مال خرچ کرکے ''الدرجات العلیٰ'' کے وارث بنے۔ (4)

1۔ حسنہ الترمذی والالبانی صحیح الترمذی ابواب الذھد باب ماجاء فی ھوان الدنیا علی اللہ (2438) ابن ماجہ (4112)

2۔ کشف الخفا (1313) وقال: الصغانی موضوع اقوال وان کان معناہ صحیحا لکنہ لیس بحدیث وقال النجم لیس بھذا اللفظ فی المرفوع (1/49)

3۔ کتاب السنۃ لابن ابی عاصم رقم (١٢٤-) بتحقیق الالبانی

4۔ حسنہ الترمذي والبانی المشکاۃ (٦-٦٤) صحیح الترمذي ابواب المناقب باب فی مناقب عثمان (٣٩٦٧) عن عبدالرحمن بن سمرۃ

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص425

محدث فتویٰ